9845-تعزیت کے وقت بعض لوگوں کا کہنا کہ : باقی ماندہ آپ کی زندگی میں

سوال

میں نے سنا ہے کہ بعض لوگ تعزیت میں یہ کہتے ہیں : (باقی ماندہ آپ کی زندگی میں) یہ قول کہاں تک صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ کہنا غلط ہے، کونسی چیز باقی ماندہ ہے، حالانکہ اللہ عزوجل تو فرمار ہے ہیں :

.{اور ہر گروہ کے لیے ایک میعاد متعین ہے، سو جس وقت ان کی میعاد معین آجائے گی تو اس وقت ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے}.الاعراف(34).

لھذا جب میت فوت ہوئی تو اس نے اپنی ساری عمر پوری کرلی تھی، اور نہ تو وہ ایک سیکنڈ آگے ہو سکتی ہے اور نہ ہی پیچھے تو پھر باقی ماندہ کیا رہا؟

پھر اس میں تعزیت میں سنت طریقۃ کی مخالفت بھی ہے، سنت تو یہ ہے کہ تعزیت میں یہ کہا جائے :

جو اللہ نے لیا وہ اللہ کا ہی تھا، اور جو اس نے دے رکھا ہے وہ بھی اللہ کا ہی ہے.

یا یہ کہا جائے :

اللہ تعالی آپ کے اجروثواب میں زیادتی کرے، اور آپ کی بہتر تسلی دے اور آپ کے فوت شدہ کو بخشے.

اس طرح کے کلمات کہنے چاہیں.